تبصرۂ کُتب

قاضی محمد اسلم صاحب سیف

نام کتاب :- خطبات امیر شریعت حصہ اوّل - صفحات :- ۲۵۶
نام مصنف :- مولانا مجاھد الحسینی - قیمت :- ۴۶/۰۰ روپے -
ملنے کا پتہ :- ادارہ صوت الاسلام B/۱۶۵ پیپلز کالونی فیصل آباد -

بیسویں صدی کے آغاز میں جب برصغیر پاک و ہند میں استخلاص وطن کی آئینی تحریکیں شروع ہوئیں مادر گیتی برصغیر پاک و ہند کے مایۂ ناز سپوت انگریز کے خلاف ملک کی آزادی کے لیے میدان وغا میں اترے تو انگریز کا جبر و تشدد ظلم و زیادتی ان حریت و آزادی کے متوالوں کے جنوں کو کم نہ کر سکا - بلکہ یہاں تو کیفیت یہ تھی ۔ ؎ بڑھتا ہے یہاں ذوق جنوں ہر سزا کے بعد

تحریکِ خلافت، تحریک نمک سازی، حادثۂ جلیانوالہ باغ، لالہ لاج پت رائے کی موت، سائمن کمیشن کی رپورٹ - جواہر لعل نہرو کا خطبہ صدارت کشمیر ایجی ٹیشن راجپال کی اور اس قسم کے دیگر ملی واقعات نے نابغہ عصر اور عبقری اشخاص کو پیدا کیا - اور انگریز سے تصادم کے نتیجہ میں بڑی بڑی عہد ساز شخصیتیں نامور خطیب شعلہ نوا مقرر ناقابلِ تسخیر ادیب اور صحافی پیدا کیے - ان محسنینِ ملت میں ایک نہایت بلند پایہ عہد ساز راست باز اور بطلِ حریت حضرت امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی شخصیت ہے - حضرت امیر شریعت رحمۃ اللہ علیہ اپنے وقت کے اردو زبان کے سب سے بڑے سیاسی اور مذہبی خطیب تھے - شاہ صاحب کی خطابت لسانیت اور شعلہ نوائی کا سکہ برصغیر پاک و ہند میں رواں دواں تھا - شاہ صاحب بخاری رحمۃ اللہ علیہ نہ صرف عہد ساز خطیب بلکہ خطیب گر تھے - قلیل عرصہ میں انہوں نے بے مثال خطیبوں کی توانا ٹیم تیار کر لی - جن کی خطابت کی جولانیوں سے انگریز ہمیشہ لرزہ براندام رہا - توحید و رسالت، ختم نبوت، مقام صحابہ رضی اللہ عنہ مسلمانوں کی عظمتِ رفتہ مسلمانوں کا ماضی، حال اور مستقبل جعلی نبوت کے لتے لینا اور فرنگی سامراج کے بخیے ادھیڑنا شاہ صاحب رحمۃ اللہ کے دل پسند موضوع تھے - حاضر جوابی - برجستہ گوئی، لحن داؤدی

ذہن کی صفائی، کردار کی ستھرائی خود اعتمادی۔ اخلاق کی بلندی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خطابت کے اجزائے ترکیبی ہیں۔ سخن فہمی، سخن شناسی، ادبی ذوق، سیاسی تلمیحات واشارات نے شاہ صاحب کی خطابت کو چند آفتاب چند مہتاب بنادیا تھا۔ ہماری بدنصیبی یہ ہے کہ شاہ صاحب بخاری رحمہ اللہ تاریخ کے اس دور میں گزرے ہیں جب ٹیپ ریکارڈروں کا رواج نہ تھا۔ ورنہ آج کا دور بھی انکے خطابات اور تقریروں سے استفادہ کرسکتا۔ کاش کوئی اللہ کا بندہ پنجاب کے سی آئی ڈی کے ریکارڈر سے شاہ صاحب کی تقریروں کی کیسٹیں حاصل کرسکیں۔ شاہ صاحب بخاری رحمۃ اللہ علیہ

عموماً عشاء کے بعد خطاب شروع کرتے اور بسا اوقات صبح کی آذان ان کے خطاب میں ہی شروع ہو جاتی طویل خطاب لوگوں کو ہنسانا اور رولانا عوام کو جذبات میں بہالیجانا یا جلتی ہوئی آگ کو بجھا لینا ان کے دائیں ہاتھ کا کھیل تھا۔ شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے بڑی معرکۃ الآراء تقریریں فرمائیں کاش وہ زیورِ طباعت سے آراستہ ہوسکتیں۔ ہمارے فاضل دوست بزرگ بھائی حضرتِ امیرِ شریعت کے دیرینہ خادم قائدین احرار کے پرانے رفیق قبیلہ قلم وقرطاس کے عظیم رکن حضرت مولانا مجاہد الحسینی صاحب نے اس ضرورت کو شدت سے محسوس کرتے ہوئے شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی تقریروں کا پہلا جز خطبات امیرِ شریعت کے عنوان سے ۲۵۶ صفحات پر مشتمل زیورِ طباعت سے آراستہ کردیا ہے۔ مولانا مجاہد الحسینی روزنامہ آزاد لاہور، سہ روزہ نوائے پاکستان، ہفت روزہ ساربان، ہفت روزہ خدام الدین لاہور کے ایڈیٹر اور ہفت روزہ چٹان کے نائب ایڈیٹر رہ چکے ہیں۔ موصوف کو قلم وزبان پر پوری دسترس حاصل ہے۔ روزنامہ امروز نوائے وقت اور جنگ میں ان کے رشحاتِ قلم شائع ہوتے رہتے ہیں۔ ریڈیو پاکستان لاہور اور ریڈیو پاکستان فیصل آباد سے ان کی تقریریں بھی نشر ہوتی رہتی ہیں۔ ایک عرصہ تک جامع مسجد کچہری بازار فیصل آباد کے خطیب بھی رہ چکے ہیں آج کل اکابر احرار کی تحریروں اور تقریروں کو جمع کرنے میں مصروف ہیں۔ زیرِ نظر مجموعہ خطبات بھی موصوف کا جمع کردہ ہے آئندہ اجزاء میں مولانا مجاہد الحسینی شاہ صاحب کے خطبات میں تقریر کی تاریخ بھی درج کردیں تو ان کی بڑی نوازش ہوگی طباعت کتابت کاغذ نہایت عمدہ جلد مضبوط اور نہایت خوبصورت صفحات ۲۵۶ بڑا سائز قیمت صرف ۴۶/ روپے ہم اپنے حلقہ کے قارئین سے اس کے مطالعہ کی پُرزور اپیل کریں گے۔